رہنمائے طلبہ

تحریری امتحانی مشقیں 2,1 خزاں 2023ء

اور

حاضری کا نظام الاوقات (Schedule)

برائے

گھریلو برقی آلات کی دیکھ بھال اور مرمت

(341)

شعبہ انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

پیش لفظ

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے فاصلاتی نظام تعلیم کے سلسلے میں گھریلو برقی آلات کی دیکھ بھال اور مرمت کے درسی مواد کو پڑھنے سے پہلے اس کتابچے کا مطالعہ کریں تاکہ آپ اس کورس سے بھرپور استفادہ کر سکیں۔ اس میں مندرجہ ذیل امور کی وضاحت کی گئی ہے۔

(1) کورس کا تعارف (2) امتحانی مشقیں (3) مطالعہ کرنے کا طریق کار

(4) عام استعمال میں آنے والے اوزاروں اور سامان کی فہرست (5) عملی کام (6) تعلیمی اجتماعات کے لیے عملی کام

(1) کورس کا تعارف

کورس 9 یونٹوں پر مشتمل ہے۔ آج کے اس ترقی یافتہ دور میں بجلی اور اس سے چلنے والے آلات کا استعمال تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ اس لیے اس کورس میں گھریلو برقی آلات کے کام کرنے کے اصولوں، برقی آلات کی پڑتال، ان میں نقائص کی تلاش اور درست کرنے کے طریقے، کام میں حفاظتی تدابیر اختیار کرنا اور اوزاروں اور برقی آلات کو درست طریقے سے استعمال کرنے کے بارے میں سمجھایا گیا ہے اور وضاحت کے لیے زیادہ سے زیادہ اشکال استعمال کی گئی ہیں۔

مطالعاتی مرکز

مطالعہ میں مدد دینے، عملی کام کا نمونہ پیش کرنے اور عملی کام کرانے کے لیے مطالعاتی مرکز قائم کئے گئے ہیں۔ جہاں کورس کے دوران آپ کی حاضری لازمی ہوگی۔ مطالعاتی مرکز میں حاضری کے دن عام تعطیل کے دن میں یا دفتر کے بعد کے اوقات ہیں تاکہ آپ کو اپنے دفتر یا کام سے رخصت نہ لینا پڑے۔ مجموعی طور پر آپ کو 75 گھنٹے مطالعاتی مرکز میں عملی کام سیکھنا ہوگا۔ مطالعاتی مراکز کے اوقات علیحدہ کاغذ پر بھجوائے جا رہے ہیں۔ عام استعمال میں آنے والے اوزار اور سامان (فہرست حصہ 4 میں دی گئی ہے) مطالعاتی مرکز میں لے کر جائیں۔ ان اوزاروں کے علاوہ جو آلات اور اوزار درکار ہوں گے وہ مطالعاتی مرکز میں مہیا کئے جائیں گے۔ مطالعاتی مرکز میں مہیا کئے گئے اوزاروں کو احتیاط سے استعمال کریں۔ آپ کی بے احتیاطی سے ادارے کے کسی اوزار کو نقصان پہنچنے پر آپ اس کے ذمے دار ہوں گے۔

حاضری کے دنوں میں آپ کا عملی امتحان لیا جائے گا۔ اس کے نمبر نتیجے میں شامل کئے جائیں گے اور وہ کورس کے کل نمبروں کا 20 فیصد ہوں گے۔

جز وقتی معلم (ٹیوٹر)

آپ کی راہنمائی اور تعلیمی اجتماعات میں عملی کام کی نگرانی کے لیے جز وقتی معلم مقرر کئے گئے ہیں۔ آپ کے معلم کا نام اور پتہ آپ کو علیحدہ ارسال کیا جائے گا۔ آپ کی تحریروں اور عملی دونوں قسم کی امتحانی مشقوں کی جانچ پڑتال بھی ٹیوٹر کے ذمے ہے۔

(2) امتحانی مشقیں

کورس میں تحریری اور عملی دو قسم کی امتحانی مشق ہوں گی۔ تحریری امتحانی مشقوں کی تعداد دو ہے۔ ان میں کامیابی کے لیے مجموعی طور پر 40 فیصد نمبر حاصل کرنے ضروری ہیں۔ یہ مشقیں علیحدہ ارسال کی جا رہی ہیں۔

(3) مطالعہ کا طریق کار

کورس کی کتاب کا مطالعہ کرتے وقت یونٹ کے مقاصد کو غور سے پڑھیں۔ مواد پڑھتے وقت متعلقہ اشکال کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ اہم معلومات

کے نوٹ تیار کریں یا کتاب پر نشان لگاتے جائیں۔

خود آزمائی کے جوابات دیں۔ جوابات ہر یونٹ کے آخر میں دیئے گئے ہیں اگر آپ کے جوابات غلط ہوں تو یونٹ کے متعلقہ حصے کا مطالعہ دوبارہ کریں۔ یونٹ کا کوئی حصہ اچھی طرح سمجھ میں نہ آئے تو مطالعاتی مرکز میں معلم سے اس بارے میں مدد لیں۔ وہاں حاضری کے روز سب سے پہلا کام آپ کے مطالعہ میں مشکلات کو دور کرنا ہے۔اس کے بعد آپ عملی کام سیکھیں گے۔

برقی آلات جو آپ کے گھر میں موجود ہوں یا جن تک آپ کی رسائی ہر مطالعہ کے دوران یا اس کے بعد ان کی ساخت اور عمل کا مشاہدہ کریں۔اس طرح کسی خراب برقی آلے کی کتاب میں دی گئی عام ہدایات کے مطابق پڑتال کر کے اس خرابی کو دور کرنے کی کوشش کریں۔اس کے علاوہ عملی کام کی فہرست کے مطابق متعلقہ تعلیمی اجتماع میں کسی نقص والے آلے کو لے جائیں اور اپنے ٹیوٹر کی نگرانی میں اس کے نقص کی شناخت' سرکٹ کا مطالعہ اور مرمت کا کام سرانجام دیں۔

گھر پر عملی کام کی مشق کرنے کی کوشش کریں لیکن ''حفاظت پہلے'' کے اصول پر عمل کریں۔ گھر پر مشق کے دوران ہر سرکٹ کے شروع میں باریک تار کا فیوز ضرور لگائیں تاکہ سرکٹ میں غلطی کی صورت میں صرف فیوز اڑے۔ مطالعاتی مرکز میں کیے گئے عملی کام کی مشق گھر پر بار بار کریں۔

(4) عام استعمال میں آنے والے اوزاروں اور سامان کی فہرست

ذیل میں ایسے اوزاروں کی فہرست دی جا رہی ہے جو عام طور پر استعمال ہوں گے۔ان کی موجودگی میں آپ بیشتر عملی کام کر سکیں گے۔اس کے علاوہ معلم کی ہدایات کے مطابق اوزار اور سامان بھی ضرور خریدیں ایک دفعہ خریدنے کے بعد آپ انہیں سالہا سال تک استعمال کرتے رہیں گے۔آپ یہ اوزار ضرور خریدیں۔

نمبر شمار	نام اوزار اور سائز	تعداد
-1	الیکٹریشن پلاس 17.5 سم ("7")	1
-2	پیچ کس' پلاسٹک کا دستہ 15 سم ("6")	1
-3	فیز ٹیسٹر	1
-4	ٹیسٹ لیمپ 60 واٹ' بلب ہولڈر اور تار 3/.029=2 میٹر	1

ان کے علاوہ آپ متعلقہ یونٹوں کے مطابق قابل مرمت برقی آلات مطالعاتی مرکز لے جائیں تاکہ آپ کو مرمت کی مشق کا زیادہ موقع مل سکے۔

(5) عملی کام

عملی کام اس کورس کا بہت اہم حصہ ہے بہت سے سرکٹ جوڑنے کے طریقے تفصیل کے ساتھ کتاب میں دیئے گئے ہیں۔اگر ہو سکے تو اس کام کی مشق معلم سے سیکھنے کے بعد گھر پر مشق کرتے رہیں۔

پہلا تعلیمی اجتماع

1-برقی دباؤ کی پیمائش کرنا (متوازی اور سلسلہ وار سرکٹوں میں) 2- برقی رو کی پیمائش کرنا (متوازی اور سلسلہ وار سرکٹوں میں) 3-مختلف اشیاء کی مزاحمت ناپنا۔

دوسرا تعلیمی اجتماع

1-ایوومیٹر کو مختلف پیمائشوں کے لیے سیٹ کرنا اور برقی مقداریں ناپنا۔ 2-تاروں کے گیج نمبر معلوم کرنا۔ 3-سلسلہ وار برقی دور کی خصوصیات کا مطالعہ کرنا۔

4-متوازی برقی دور کی خصوصیات کا مطالعہ کرنا۔ 5- کٹ کیٹ فیوز میں فیوز تار لگانا۔ 6- سرکٹ توڑ کا مشاہدہ کرنا اور اس کو دوبارہ سیٹ کرنا۔

تیسرا تعلیمی اجتماع

1-وائرنگ کی مختلف قسموں کا مشاہدہ کرنا۔ 2-برقی آلات کو ارتھ لگانا۔ 3- مختلف تاروں کی شناخت کرنے کی مشق کرنا۔

4-ویسٹرن یونین جوڑ بنانا۔ 5- پگ ٹیل جوڑ بنانا۔

چوتھا تعلیمی اجتماع

1- ٹی۔جوڑ بنانا۔ 2- جوڑوں کو ٹانکا لگانا۔ 3- مختلف قسم کے اوزاروں کی شناخت کرنا۔ 4- آری سے دھات کے ٹکڑے کاٹنا۔

5- رتی سے دھات کے ٹکڑوں کو ہموار اور صاف کرنا۔

پانچواں تعلیمی اجتماع

1- فیز ٹیسٹر سے فیز تار کی شناخت کرنا۔ 2- ایمیٹر سے برقی رو کی پیمائش کرنا۔ 3- ٹیسٹ لیمپ بنانا۔ 4-سلسلہ وار ٹیسٹ سرکٹ بنانا (معلم کے مشورہ کے مطابق)

چھٹا تعلیمی اجتماع

نوٹ: تمام برقی آلات کی دیکھ بھال اور برقی توانائی کے بچت کے طریقے ہر برقی آلے کے عمل کو سمجھنے کا حصہ ہیں۔

1- انکینڈ یسنٹ لیمپ کے حصوں کی شناخت کرنا۔ 2-لیمپ کا برقی دور بنانا۔3- برقی لیمپ کے مختلف نقائص کے اسباب تلاش کرنا اور انہیں درست کرنا۔

ساتواں تعلیمی اجتماع

1- فلوریسنٹ ٹیوب کے مختلف حصوں کی شناخت کرنا۔ 2- فلوریسنٹ ٹیوب کی چوک، سٹارٹر اور ٹیوب کی پڑتال کرنا۔

3-فلوریسنٹ ٹیوب کی مختلف خرابیوں کو تلاش کرنا اور انہیں درست کرنا۔ 4-سادہ استری کے حصوں کی شناخت اور مطالعہ کرنا۔

5- سادہ استری کا سرکٹ کاغذ پر بنانا اور ٹیبل کنکشن کرنا۔ 6- سادہ استری کی پڑتال کرنا، نقائص کے اسباب تلاش کرنا اور انہیں درست کرنا۔

آٹھواں تعلیمی اجتماع

1-الیکٹرک ہیٹر کے حصوں کا مشاہدہ کرنا، اس کا سرکٹ بنانا اور اس کی خرابیوں کو تلاش کرنا۔2-(اگر ممکن ہو تو) واٹر ہیٹر کے حصوں کا مشاہدہ کرنا اور اس کے سرکٹ کا مطالعہ کرنا۔ نیز واٹر ہیٹر کی خرابیوں کو تلاش کرنا اور ان کو دور کرنا۔ 3- خودکار استری اور خودکار بھاپ دار استری کے حصوں کی شناخت اور ان کے عمل کا مطالعہ کرنا۔ 4-خودکار استری اور خودکار بھاپ دار استری کے برقی سرکٹ بنانا، ان کی خرابیوں کو تلاش کرنا اور ان کو درست کرنا۔

نواں تعلیمی اجتماع

1-الیکٹرک ہیٹر کے دو قسموں کا مطالعہ کرنا' ان کے برقی کنکشن بنانا' ان کی خرابیوں کی وجوہ تلاش کرنا اور ان خرابیوں کو دور کرنا۔ 2-ٹوسٹر کی ساخت کا مطالعہ کرنا۔

3- ٹوسٹر کو کھولنا۔ 4-ٹوسٹر کی صفائی کرنا۔ 5-ٹوسٹر کے تھرموسیٹ کی پڑتال کرنا۔ 6-ٹوسٹر کا برقی سرکٹ بنانا اور کنکشن کرنا۔

دسواں تعلیمی اجتماع

1-ٹوسٹر کی مختلف خرابیوں کو تلاش کرنا اور انہیں درست کرنا۔ 2-الیکٹرک کیٹل کے کام کرنے کے عمل کا مطالعہ کرنا اور حصوں کی شناخت کرنا۔

3- الیکٹرک کیٹل کے نقائص تلاش کرنا اور انہیں درست کرنا۔ 4-الیکٹرک کیٹل کا برقی سرکٹ بنانا۔

گیارہواں تعلیمی اجتماع

1- ممکن ہو تو کافی ساز کے کام کرنے کے عمل کا مطالعہ کرنا' اس کے کنکشنوں کا مطالعہ کرنا اور نقائص تلاش کر کے انہیں دور کرنا۔

2- ایک فیزی موٹر کے حصوں کی شناخت کرنا اور اس کے کام کرنے کے عمل کا مطالعہ کرنا۔ 3- ایک فیزی موٹروں کی مرکز میں موجود اقسام کی شناخت کرنا۔

4- ایک فیزی موٹر کے کنکشن کرنا اور برقی سرکٹ بنانا۔ 5- ایک فیزی موٹر کے نقائص تلاش کرنا اور انہیں دور کرنا۔ 6-سٹار اور ڈیلٹا کنکشن کرنا۔

بارہواں تعلیمی اجتماع

1- چھت کے پنکھے' میز کے پنکھے اور اسٹینڈ فین کے کام کرنے کے عمل کا مطالعہ کرنا۔ 2- چھت اور میز یا اسٹینڈ فین کو کھولنا' بیرنگ کو گریس کرنا۔

3- پنکھوں کی پڑتال کرنا' برقی سرکٹ بنانا اور ان کے نقائص کو درست کرنا۔ 4-پنکھے کے ریگولیٹر کو مختلف حالتوں میں سیٹ کر کے اس کی برقی رو اور برقی دباؤ کا مطالعہ کرنا۔

تیرھواں تعلیمی اجتماع

1- ریفریجریٹر اور ایئر کنڈیشنر کے کام کرنے کے عمل کا مشاہدہ کرنا۔ 2- ریفریجریٹر اور ایئر کنڈیشنر کے اہم حصوں کی شناخت کرنا۔

3- ریفریجریٹر اور ایئر کنڈیشنر کے برقی سرکٹ بنانا۔ 4- ریفریجریٹر اور ایئر کنڈیشنر کے برقی نقائص کو تلاش کرنا اور ان کی مرمت کرنا۔

چودھواں تعلیمی اجتماع

مکسر' بلینڈر' رس نکالنے کی مشین' سلائی مشین اور ویکیوم کلینر کے کام کرنے کا مشاہدہ کرنا' ان کی عام دیکھ بھال کرنا اور ان کے عام نقائص تلاش کرنا اور ان کی مرمت کرنا۔

پندرہواں تعلیمی اجتماع

گرم پلیٹ کا مطالعہ کرنا' کنکشن کرنا اور نقائص کو درست کرنا' دھلائی مشین کے عمل کا مطالعہ کرنا' اس کے کنکشن کرنا' پڑتال کرنا اور نقائص کو دور کرنا۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی)

وارننگ

عزیز طلبه ! آپ یه بات ذهن نشین کر لیں که :

1- **کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامه اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری (Plagiarism) پالیسی" کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

2- **اگر آپ اپنی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

امتحانی مشقیں جمع کروانے کا شیڈول

چھ کریڈٹ آورز	مقررہ تاریخ	تین کریڈٹ آورز	مقررہ تاریخ
مشق نمبر 1	04-12-2023	----	----
مشق نمبر 2	28-12-2023	مشق نمبر 1	28-12-2023
مشق نمبر 3	29-01-2024	----	----
مشق نمبر 4	16-02-2024	مشق نمبر 2	16-02-2024

نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول و رہنمائے طلبہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ویب سائٹ https://www.aiou.edu.pk پر موجود ہے۔

کورس: گھریلو برقی آلات کی دیکھ بھال و مرمت (341) سمسٹر: خزاں، 2023ء

سطح: انٹرمیڈیٹ/ سرٹیفکیٹ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے اور بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:40

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ:1 تا 3)

سوال نمبر1 خالی جگہ مناسب لفظ سے پر کریں۔ (10)

(1) تانبا کی مزاحمت.........................اوہم ہوتی ہے۔

(2) کسی برق دور میں بلب یا کسی اور آلے کو.........................کہا جاتا ہے۔

(3) ہوا سے خالی بلب عموماً.........................اور.........................واٹ قوت کی ریٹنگ کے ہوتے ہیں۔

(4) ارتھنگ کا مطلب.........................کے ساتھ تعلق قائم کرنا ہے۔

(5) بلب میں موجود تار کا لچھا.........................کہلاتا ہے۔

(6) 200واٹ کے بلب.........................قسم کے ہوتے ہیں۔

(7) نائیلون کو استری کرنے کے لیے محفوظ درجہ حرارت.........................ہے۔

(8) برقی قوت کا کلیہ.........................=P ہے۔

(9) پنکھا دار گرمالے میں عام طور پر.........................کی گول کوائل دار تار بطور Element استعمال کی جاتی ہے۔

(10) 3/0.029 کی تار صرف ایک.........................والے گرہیٹر کا لوڈ برداشت کرسکتی ہے۔

سوال نمبر2 صحیح (a) اور غلط (×) کی نشان دہی کریں۔ (10)

(1) گھروں میں لگے بلبوں کو مین سپلائی ے ساتھ متوازی جوڑا جاتا ہے۔ ص/غ

(2) 1 کلوایمپیئر 1,000 ایمپئر کے برابر ہوتا ہے۔ ص/غ

(3) دوفٹ لمبی ٹیوب کی واٹ ریٹنگ عموماً60واٹ ہوتی ہے۔ ص/غ

(4) گول بلب زیادہ تر 20واٹ کے ہوا کرتے ہیں۔ ص/غ

(5) اے سی اور ڈی سی کے لیے ایک ایمپئر استعمال کیا جاتا ہے۔ ص/غ

(6) عام استعمال ہونے والا ہتھوڑا بال پین ہتھوڑا کہلاتا ہے۔ ص/غ

(7) برقی قوت کی اکائی اوہم ہے۔ ص/غ

(8) سرکٹ بریکر اور فیوز دو الگ چیزیں ہیں۔ ص/غ

(9) سلسلہ وار مزاحمت رہنما لیمپ میں دوڑنے والے کرنٹ کو بڑھاتی ہے۔ ص/غ

(10) استری عام طور پر 500 واٹ سے لے کر 1200 واٹ تک ملتی ہے۔ ص/غ

سوال نمبر 3 (الف) سلسلہ وار سرکٹ کیسا ہوتا ہے؟ اس کی خصوصیات کیا ہوتی ہیں علامات کی مدد سے بیان کریں۔ (05)

(ب) عنصر اور مرکب میں فرق بیان کریں۔ (05)

(ج) مزاحمت کسے کہتے ہیں اور سلسلہ وار سرکٹ میں کل مزاحمت کیسے معلوم کی جاتی ہے؟ (05)

سوال نمبر 4۔ (الف) نیچے دیئے گئے سرکٹ میں کل مزاحمت معلوم کریں۔ (05)



(ب) سرکٹ بریکر کس طرح کام کرتا ہے؟ شکل کی مدد سے بیان کریں۔ (05)

(ج) بلبوں کو سریز کنیکشن میں استعمال کرنے کے کیا نقصانات ہیں؟ (05)

سوال نمبر 5۔ (الف) ایمپیئر کسے کہتے ہیں؟ اس کو جوڑنے کا طریقہ بتائیں۔ (05)

(ب) وولٹ میٹر اور ایمپیئر میں کیا فرق ہے؟ (05)

(ج) مزاحمت ناپنے کے لیے کون سا آلہ استعمال کیا جاتا ہے؟ تفصیل سے بیان کریں۔ (05)

سوال نمبر 6۔ (الف) بلب کی ٹوپی کی اقسام بیان کریں اور ان کو کہاں استعمال کیا جاتا ہے؟ (10)

(ب) ٹیبل لیمپ کے نقص بیان کریں اور ان کی وجوہات کے ساتھ ساتھ درستگی کے طریقے بیان کریں۔ (10)

سوال نمبر 7۔ (الف) بھاپ دار خودکار استری کس طرح کام کرتی ہے؟ یہ استری کپڑے استری کرنے کے لیے کیسے بہتر ہے؟ (05)

(ب) خودکار استری کے کنیکشن شکل کی مدد سے ظاہر کریں اس استری کا رہنما لیمپ کیسے کام کرتا ہے۔ (05)

(ج) بھاپ دار خودکار استری کے کوئی سے پانچ نقائص بتائیں اور ان کی وجوہات اور درستگی کے طریقے بیان کریں۔

(05)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر: 40

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ:4 تا7)

سوال نمبر1 خالی جگہ پر کریں۔ (10)

(1) تھرموسٹیٹ.......................کو استعمال کرتا ہے۔

(2) توس کو اٹھانے والے حصہ کو.......................کیا جاتا ہے۔

(3) ٹوسٹر کا ہیٹنگ ایلیمنٹ ....سے بنا ہوتا ہے۔

(4) مصفی قسم کے کافی ساز میں.......................کی مدد سے گرم پانی اوپر پہنچایا جاتا ہے۔

(5) برتن میں نمکیات کو.......................کی مدد سے صاف کرنا چاہیے۔

(6) کنڈنسر کی نالیاں ہوا میں.......................خارج کرتی ہیں۔

(7) چار ہول کی شیڈ ڈ ہول موٹر کی رفتار.......................چکر فی منٹ ہو گی۔

(8) بڑی موٹر کو اسٹارٹ کرنے کیلیے پہلے.......................کنکشن میں جوڑا جاتا ہے۔

(9) سنگل فیز موٹر میں فیز کو.......................حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

(10) آغازی ریلے.......................اور.......................قسم کے ہوتے ہیں۔

سوال نمبر2 ایئر کنڈیشنر کی اہمیت بمعہ سرکٹ ڈایہ گرام واضح کریں۔ نیز ایئر کنڈیشنر سے کمرہ گرم کرنے کا طریقہ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر3 ایک فیزی موٹر تین فیزی موٹر کی بناوٹ میں کیا فرق ہے واضح کریں نیز دیکھ بھال اور مرمت اور مخصوص قسم کے نقائص اور ان کو درست کرنے کا طریقہ سمجھائیں۔ (15)

سوال نمبر4 ٹوسٹر کی بناوٹ، کام کرنے کا طریقہ، اقسام اور نقائص کو مفصل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5 پنکھے کی بناوٹ، اقسام اور دیکھ بھال اپنے الفاظ میں تحریر کریں نیز میز کا پنکھا شور بہت کر رہا ہے خرابی کو دور کرنے کے طریقے لکھیں۔ (15)

سوال نمبر6۔ ریفریجریٹر اور ایئر کنڈیشنر کے فرق کو واضح کریں۔ ان کی بناوٹ اور نقائص کو دور کرنے کے طریقے بتائیں۔ (20)

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی)

کورس: گھریلو برقی آلات کی دیکھ بھال ومرمت (341) سمسٹر: خزاں، 2023ء

سطح: انٹرمیڈیٹ/ سرٹیفکیٹ کل نمبر: 100

مطالعاتی مرکز میں حاضری کا نظام الاوقات

☆ مطالعاتی مرکز میں مقررہ دنوں اور اوقات میں حاضری لازمی ہے۔

☆ ہر تعلیمی اجتماع بروز اتوار صبح ساڑھے نو بجے سے لے کر دوپہر ڈھائی بجے تک (پانچ گھنٹے) ہوگا۔ عملی امتحان کا وقت مقررہ اوقات کے علاوہ ہوگا۔

نمبر	تاریخ/مہینہ/سال	دن	اوقات	عملی امتحان
1	07 جنوری 2024ء	اتوار	ساڑھے آٹھ بجے سے ڈیڑھ بجے دوپہر	
2	14 جنوری 2024ء	"	"	
3	21 جنوری 2024ء	"	"	پہلا عملی امتحان
4	28 جنوری 2024ء	"	"	دوسرا عملی امتحان
5	04 فروری 2024ء	"	"	
6	11 فروری 2024ء	"	"	تیسرا عملی امتحان
7	18 فروری 2024ء	"	"	
8	25 فروری 2024ء	"	"	چوتھا عملی امتحان
9	03 مارچ 2024ء	"	"	
10	10 مارچ 2024ء	"	"	پانچواں عملی امتحان
11	17 مارچ 2024ء	"	"	چھٹا عملی امتحان
12	24 مارچ 2024ء	"	"	ساتواں عملی امتحان
13	31 مارچ 2024ء	"	"	آٹھواں عملی امتحان
14	07 اپریل 2024ءء	"	"	
15	14 اپریل 2024ء	"	"	

امتحانی مشقیں ٹیوٹر تک پہنچانے کی آخری تاریخ: امتحانی مشق نمبر 1: **04 فروری** 2024ء امتحانی مشق نمبر 2: **10 مارچ** 2024ء

کورس رابطہ کار: عمیر حفیظ خان

03425000706

051-9057736